# 29-03-2024 FRIDAY  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆بی آر ایس سے راجیہ سبھا رکن کیشو راؤ اور ان کی بیٹی و جی ایچ ایم سی میئر و جئے لکشمی کل کانگریس میں شامل ہوں گے۔

☆بی جے پی کے ریاستی صدر کشن ریڈی نے اس بات کا اعادہ کیا کہ بی جے پی 370 اور این ڈی اے 400 سیٹوں پر کامیابی حاصل کرے گی۔

☆فون ٹیاپنگ الزامات کے تحت گرفتار بھوپال پلی کے ایڈیشنل ایس پی این بھوجنگا راؤ اور اے ڈی سی پی تیروپتنا کو آج پنجہ گٹہ پولیس نے چنچل گوڑہ جیل سے پوچھ تاچھ کیلئے اپنی تحویل میں لے لیا۔

☆عیسائی برادری کے لوگوں نے ریاست اور حیدرآباد و سکندرآباد میں گڈ فرائی ڈے منایا۔

☆☆☆☆☆

مرکزی حکومت نے گیہوں کے ذخیرہ کی تفصیلات ظاہر کرنے کو لازمی قرار دیا ہے۔ وزارت امور صارفین تغذیہ و عوامی تقسیم کاری نے تمام ریاستوں اور یونین ٹریٹریز کے تاجرین، ہول سیلرس، ری ٹیلرس، پروسیسرس سے یکم اپریل سے آئندہ احکامات تک گیہوں کی ذخیرہ کی تفصیلات ظاہر کرنے کی ہدایت دی۔ مجموعی طور پر خوراک کی ضمانت کو یقینی بنانے اور ذخیرہ اندوزی کو روکنے کیلئے حکومت نے یہ فیصلہ کیا۔ واضح رہے کہ چاول کی ذخیرہ اندوزی کی تفصیلات ظاہر کرنے کا عمل پہلے سے ہی جاری ہے۔ وزارت نے کہا کہ جن اداروں نے ابھی تک پورٹل پر رجسٹریشن نہیں کرایا ہے وہ رجسٹریشن کراتے ہوئے ہر جمعہ کو چاول اور گیہوں کے اسٹاک کی تفصیلات بتائیں۔

☆☆☆☆☆

ساؤتھ سنٹرل ریلوے کو آندھرا پردیش میں ایک اہم سنگ میل حاصل ہوا ہے۔ SCR نے گنڈلا کماں اور ڈارسی کے بیچ ستائیس کیلومیٹر پر محیط نئی ریلوے لائن کی تکمیل کر لی ہے۔ SCR کے ایک بیان کے مطابق نئی ریلوے لائن پر ٹرینوں کو ابتدائی طور پر پچھتر کیلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے چلنے کی اجازت رہے گی۔ ننڈی کوڑی۔ سری کالاہستی نئے ریلوے لائن پراجکٹ کے ذریعہ گنٹور، پرکاشم اور نیلور اضلاع کے کئی مقامات کو جوڑا جائے گا۔

☆☆☆☆☆

عیسائی برادری کے لوگوں نے ریاست اور حیدرآباد و سکندرآباد میں گڈ فرائی ڈے منایا۔ حضرت عیسیٰؑ کو صلیب پر چڑھانے کے واقعہ کی یاد میں گرجا گھروں میں خصوصی تقاریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس دوران عقیدت مندوں کی کافی بھیڑ دیکھی گئی۔ کئی گرجا گھروں کی جانب سے مذہبی رسوم کا لائیو ٹیلی کاسٹ کیا گیا تھا۔ چند گرجا گھروں کی جانب سے حضرت عیسیٰؑ کو صلیب پر چڑھانے کے واقعہ کو ڈرامہ کے ذریعہ پیش کیا گیا۔ عیسائی برادری کے لوگ آئندہ اتوار کو حضرت عیسیٰؑ کے دوبارہ جی اٹھنے کی یاد میں ایسٹر تہوار منائیں گے۔ گورنر سی پی رادھا کرشنن نے گڈ فرائی ڈے کے موقع پر عیسائی طبقہ کے لئے اپنے ایک پیام میں کہا کہ آج کا دن ہمیں حضرت عیسیٰؑ کی انسانیت کی تئیں ہمدردی کی یاد دلاتا ہے۔ میدک میں واقع ایشیاء کے دوسرے بڑے چرچ میں بھی گڈ فرائی ڈے منایا گیا۔ عیسائی برادری کے لوگ اپنے گلہ میں صلیب کا نشان پہنے ہوئے تھے۔ عیسائی راہب پدما راؤ نے تقریب سے خطاب کیا۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے پارٹی کو درپیش چیلنجوں کے بیچ رکن پارلیمنٹ کے کیشو راؤ اور رکن اسمبلی کڈیم سری ہری کے بی آر ایس چھوڑنے پر ناراضگی کا اظہار کیا۔ تلنگانہ بھون میں آج چیوڑلہ پارلیمانی حلقہ  کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کے ٹی آر نے کہا کہ ان قائدین کے جانے کے باوجود وہ زمینی سطح پر کام کرنے والے پارٹی ورکروں کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔ انہوں نے حریف پارٹیوں میں شامل ہونے والے رنجیت ریڈی اور پی مہیندر ریڈی کے خلاف آواز بلند کرنے پارٹی ورکروں پر زور دیا۔

☆☆☆☆☆

بی جے پی کے ریاستی صدر کشن ریڈی نے اس بات کا اعادہ کیا کہ بی جے پی 370 اور این ڈی اے 400 سیٹوں پر کامیابی حاصل کرے گی۔ محبوب نگر کے تارنا کہ میں ایک انتخابی جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کشن ریڈی نے کہا کہ ملک بھر میں پارٹی کارکن زور وشور سے مہم چلارہے ہیں۔ انہوں نے لوگوں سے ووٹ ڈالنے کی اپیل کی۔ کشن ریڈی نے حیدرآباد میں ہونے والے ووٹنگ کے کم فیصد کا حوالہ دیا۔ مرکزی وزیر نے لوگوں سے کہا کہ وہ ملک کی ترقی کیلئے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کے بعض مقامات پر آئندہ پانچ دنوں کے دوران اعظم ترین درجہ حرارت میں دو سے تین ڈگری سلیس کا اضافہ ہوسکتا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق عادل آباد، کومارم بھیم آصف آباد، منچریال، نرمل، نظام آباد، کریم نگر، بھدرادری کتہ گوڑم، کھمم، نلگنڈہ، سوریاپیٹ، وقارآباد، سنگاریڈی اور کاماریڈی اضلاع کے بعض مقامات پر گرمی کی لہر میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ عادل آباد میں کل سب سے زیادہ 40.8 ڈگری سلسیس درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد میں سی بی آئی مقدمات کے خصوصی جج نے سابق اسسٹنٹ لیبر کمشنر ٹی رمیش کو دو سال قید بہ مشقت اور ایک لاکھ روپئے جرمانہ کی سزا سنائی ہے۔ غیر محسوب اثاثہ جات کیس میں ٹی رمیش کو یہ سزا سنائی گئی۔ سی بی آئی کے بیان کے مطابق اپیل کی مدت ختم ہونے کے بعد ملزم کے غیر محسوب اثاثہ جات کی جملہ رقم ستائیس لاکھ روپئے ضبط کرنے کی بھی ہدایت دی۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس کے راجیہ سبھا رکن کے کیشو راؤ جنہوں نے کانگریس پارٹی میں شامل ہونے کا فیصلہ کیا ہے نے آج وزیر اعلیٰ اے ریونت ریڈی سے حیدرآباد میں ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ کیشو راؤ اور ان کی بیٹی و میئر گدوال وجئے لکشمی کل کانگریس پارٹی میں شامل ہوں گے۔ تقریباً تیس منٹ کی ملاقات کے دوران وزیر اعلیٰ اور رکن پارلیمنٹ نے موجودہ سیاسی صورتحال، لوک سبھا انتخابات سمیت مختلف موضوعات پر تبادلہ خیال کیا۔ کیشو راؤ سال 2014 میں بی آر ایس میں شامل ہونے سے پہلے کانگریس پارٹی سے ہی وابستہ تھے۔ کیشو راؤ نے بعد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے بتایا کہ ایسا لگ رہا ہے کہ بیس سال بعد ان کی گھر واپسی ہو رہی ہے۔

☆☆☆☆☆

فون ٹیاپنگ الزامات کے تحت گرفتار بھوپال پلی کے ایڈیشنل ایس پی این بھوجنگا راؤ اور اے ڈی سی پی تیروپتنا کو آج پنجہ گٹہ پولیس نے چنچل گوڑہ جیل سے پوچھ تاچھ کیلئے اپنی تحویل میں لے لیا۔ دونوں سینئر پولیس اہلکاروں اور ڈی ایس پی پرنیت پر بی آر ایس دور حکومت کے دوران اپوزیشن قائدین کے فون غیر قانونی طور پر ٹیاپ کرنے کے الزامات ہیں۔ کئی سیاسی قائدین اور سرمایہ کاروں اور اس وقت کے اپوزیشن لیڈر اور موجودہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کا بھی فون ٹیاپ کیا گیا تھا۔ عدالت نے بھوجنگا راؤ اور تروپتنا کو پانچ دنوں کی پولیس تحویل میں دیا ہے۔ عدالت کے حکم کے مطابق پوچھ تاچھ کے دوران دونوں ملزمین کے وکیل ان کے ہمراہ رہ سکتے ہیں اور تمام پانچ دنوں کے دوران رات آٹھ بجے سے صبح آٹھ بجے تک پوچھ تاچھ نہیں کی جاسکتی۔ اس کیس میں پنجہ گٹہ پولیس نے کل ٹاسک فورس کے ریٹائرڈ ڈی سی پی رادھا کرشنا راؤ کو گرفتار کیا تھا۔

☆☆☆☆☆

ریاستی حکومت نے مکہ مسجد میں جلسہ یوم القرآن منعقد کرنے کیلئے آل انڈیا مجلس اتحاد المسلمین اور مجلس بچاؤ تحریک کو دی گئی اجازت منسوخ کردی ہے۔ ماہ رمضان کے تیسرے اور چوتھے جمعہ کی نماز کے بعد جلسہ یوم القرآن منعقد ہونا تھا۔ حکومت نے لوک سبھا انتخابات کے تحت انتخابی ضابطہ اخلاق کا حوالہ دیتے ہوئے مکہ مسجد میں جلسہ یوم القرآن کی اجازت منسوخ کردی۔ اقلیتی بہبود کے دفتر کی جانب سے یہ جلسے منسوخ کرنے کی گذارش کی گئی تھی۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس سے راجیہ سبھا رکن کیشو راؤ اور ان کی بیٹی و جی ایچ ایم سی میئر وجئے لکشمی کل کانگریس میں شامل ہوں گے۔

☆☆☆☆☆

اسی دوران بی آر ایس دھن پور کے رکن اسمبلی کڈ یم سری ہری نے کہا کہ کانگریس میں شامل ہونے کے تعلق سے وہ فیصلہ کریں گے۔ کانگریس قائدین سے ملاقات کے بعد کڈیم سری ہری نے میڈیا کو یہ جانکاری دی۔ واضح رہے کہ کڈیم سری ہری کی بیٹی کاویا نے ورنگل حلقہ سے بی آر ایس امیدوار کی حیثیت سے دستبرداری اختیار کر لی ہے۔ کاویا نے اپنے اس فیصلہ سے بی آر ایس کے صدر و سابق وزیر اعلیٰ کے چندر شیکھر راؤ کو ایک مکتوب کے ذریعہ واقف کروایا۔ اس کے بعد سے ہی ان لیڈروں کی کانگریس میں شمولیت کی قیاس آرائیاں ہونے لگی تھیں۔

☆☆☆☆☆

تارک راما راؤ نے سوشیل میڈیا پوسٹ کے ذریعہ کہا کہ بعض سینئر قائدین کی جانب سے وفاداریاں بدلنے کا جواب عوام دے گی۔ کے ٹی آر نے کہا کہ جب سال 2001 میں پارٹی وجود میں آئی تھی تب اس کے ساتھ کوئی نہیں تھا۔ اس کے باوجود پارٹی کے بانی کے چندر شیکھر راؤ نے اپنی مستقل جدوجہد کے ذریعہ تلنگانہ کی تشکیل کے اپنے ہدف کو حاصل کیا۔

☆☆☆☆☆